24 دسمبر 2020ء

ترسیلات زر کے رجحانات اور امکانات جانچنے کے لیے اسٹیٹ بینک نے سمندر پار پاکستانیوں کا سروے شروع کر دیا

بینک دولت پاکستان نے وزارت منصوبہ بندی، ترقی اور خصوصی اقدامات کی شراکت سے ترسیلات زر کے حالیہ رجحانات اور مستقبل کے منظر نامے کا تجزیہ کرنے کی غرض سے سمندر پار پاکستانیوں کا ایک سروے شروع کیا ہے۔ یہ سروے 9 جنوری 2021ء تک تمام سمندر پار پاکستانیوں کو دستیاب ہو گا۔

سروے میں ان مضمر عوامل کو جانچنے کی کوشش کی گئی ہے جو ترسیلات زر کے حالیہ برتاؤ پر اثر انداز ہوئے جن میں غیر رسمی سے باضابطہ چینلز کی طرف لوگوں کا آنا، بینکوں کی عمارات میں جانے کے بجائے ڈجیٹل پلیٹ فارمز کا اختیار کرنا، مستقبل میں پاکستان واپس آنے کے منصوبے نیز اگلے چھ ماہ کے دوران متوقع طور پر بھیجی جانے والی ترسیلات زر کی رقم شامل ہیں۔

وزارت سمندر پار پاکستانیز اور انسانی وسائل کی ترقی، وزارت تجارت، وزارت خارجہ امور اور پاکستان ریمی ٹنس انی شیٹو (PRI) کی مدد سے یہ سروے پاکستانی قونصل خانوں اور سفارت خانوں، پاکستانی بینکوں کی سمندر پار برانچوں نیز آن لائن کیا جا رہا ہے۔

بینک دولت پاکستان اور وزارت منصوبہ بندی، ترقی اور خصوصی اقدامات سمندر پار پاکستانیوں پر زور دیا ہے کہ اس مختصر آن لائن سروے میں شریک ہوں۔ سروے اس ویب لنک پر بآسانی دستیاب ہے:
https://surveyctosbp.surveycto.com/collect/survey_on_recent_remittance_behavior_of_overseas_pakistanis?caseid

اور مندرجہ ذیل کیوآر کوڈ کے ذریعے بھی دستیاب ہے:

سروے لنک اور کیوآر کوڈ اسٹیٹ بینک کی ویب سائٹ https://www.sbp.org.pk/research/OTH/QR.asp اور پاکستانی بینکوں کے روشن ڈجیٹل اکاؤنٹ ویب پیجز پر بھی دستیاب ہے۔ کسی سوال یا مدد کے لیے، سروے کے شرکا اسٹیٹ بینک کی ٹیم سے اس ای میل ایڈریس پر رابطہ کر سکتے ہیں:
sbp.surveys@sbp.org.pk

***